**12.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... حبیب الرحمان

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

1- حکومت نے کہا ہے کہ وہ لوک سبھا میں فضائی آلودگی کے معاملات پر بحث کرنے کیلئے تیار ہے۔

2- زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک میں فصلوں کی پیداوار میں، پچھلے دس سالوں کے دوران 44 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

3- صدر جمہوریہ مرمو نے منی پور کے سیناپتی ضلع میں چھ ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔

4- سینئر کانگریس لیڈر اور سابق مرکزی وزیر داخلہ شیوراج پاٹل کا لاتور میں انتقال ہوگیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور مختلف لیڈروں نے اُن کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔

5- آندھرا پردیش کے Alluri Sitharamaraju ضلع میں ایک بس حادثے میں 9 افراد ہلاک اور 22 زخمی ہوگئے ہیں۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

LS Air Pollution

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ حکومت لوک سبھا میں فضائی آلودگی کے امور پر بحث کے لئے تیار ہے۔ انھوں نے کہا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں اپوزیشن کے لیڈر کی طرف سے اِس معاملے کو اٹھایا گیا تھا۔لہٰذا حکومت کو اِس پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور وہ یہ دیکھے گی کہ کس طرح ضابطوں کے تحت اِس سے متعلق ڈھانچے پر بحث کی جائے گی۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ پہلے ہی دن حکومت نے اپنا موقف پوری طرح واضح کردیا تھا کہ اپوزیشن کی پارٹیوں کی رائے لینے کے ساتھ ہی سبھی اہم عام معاملات پر حکومت بحث کے لئے تیار ہے تاکہ اِس کا حل نکالا جا سکے۔

وقفۂ صفر کے دوران اِس معاملے کو اٹھاتے ہوئے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ یہ ایک بہت اہم معاملہ ہے اور ملک کو اب اس کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔
انھوں نے امید ظاہر کی کہ یہ ایک نظریاتی معاملہ نہیں ہے۔ جناب راہل گاندھی نے مزید کہا کہ ایوان میں اِس معاملے پر بحث کے لئے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مکمل اتفاق رائے ہوجائے گا۔

LS Adjourned

لوک سبھا کی کارروائی Karthigai Deepam معاملے پر DMK کے ارکان پارلیمنٹ کی طرف سے احتجاج کے بعد دو بجے تک ملتوی کردی گئی ہے۔x

PM Three Nation Tour

وزیراعظم نریندر مودی اِس ماہ کی 15 تاریخ سے اُردن، ایتھوپیا اور Oman کے چار روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت، وزیراعظم اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم بن حسین کی دعوت پر اُردن جائیں گے۔ وزیراعظم شاہ عبداللہ دوئم سے ملاقات کریں گے اور وہ اُن کے ساتھ بھارت اور اُردن کے درمیان تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ اِس کے علاوہ دونوں رہنما علاقائی امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔

RS Crop Productions

حکومت نے کہا ہے کہ گذشتہ دس سال کے دوران ملک میں فصلوں کی پیداوار میں 44 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جو ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں وقفۂ سوال کے دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے زراعت اور کسانوں کے بہبود کے مرکزی وزیر جناب شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ یہ 2014 اور 2024 کے درمیان بیجوں کی نئی قسموں کے استعمال، جدید ٹیکنالوجی اور بہتر زرعی طریقۂ کار کی وجہ سے ممکن ہو پایا ہے۔
جناب چوہان نے کہا کہ مودی حکومت کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنے اور جدید مجموعی زرعی شرحِ پیداوار پر توجہ دی جا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ زراعت کی پیداوار کو فروغ دینے کیلئے ایک چھ نکاتی حکمتِ عملی نافذ کی جا رہی ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت کسانوں کو دو لاکھ کروڑ روپے مالیت کی کھاد کی سبسڈیز فراہم کر رہی ہے۔ پردھان منتری کسان سمّان ندھی کے تحت کسانوں کے کھاتوں میں براہِ راست چار لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منتقل کی گئی ہے۔

SB/ Shivraj Singh Chouhan

Rev. Manipur Prez Nupi Lal Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج منی پور کے سیناپتی ضلع کا دورہ کیا اور ریاست میں نافذ کیے جانے والے چھ مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ضلع کیلئے دیگر پانچ ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ صدر جمہوریہ نے جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ہے، اُن میں 25 کروڑ روپے کی مالیت سے ایک ماڈل رہائشی اسکول بنانا، دس کروڑ روپے کی لاگت سے دو ابتدائی صحت کے مراکز کو اَپگریڈ کرنا اور 11 کروڑ روپے کی لاگت سے دو Bailey Bridges کی تعمیر کرنا شامل ہے۔ مختلف علاقوں میں جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا ہے اور سنگ بنیاد رکھا گیا ہے، اُن میں لڑکیوں اور لڑکوں کے Hostels، پولیسنگ اور عوامی تحفظ، صحت دیکھ بھال، کمیونٹی اور قبائل، تعلیم اور دیگر شامل ہیں۔×

Shivraj Patil

کانگریس کے سینئر رہنماء اور سابق مرکزی وزیر داخلہ شیوراج پاٹل کا آج مہاراشٹر کے لاتور میں انتقال ہوگیا۔ وہ 91 برس کے تھے۔ انہوں نے لاتور میں اپنی رہائش گاہ پر صبح تقریباً ساڑھے 6 بجے آخری سانس لی۔ اپنے طویل سیاسی کریئر کے دوران شیوراج پاٹل مختلف اہم عہدوں پر فائز رہے، جن میں لوک سبھا کے اسپیکر اور مرکزی کابینہ کے اہم قلمدان شامل ہیں۔ جناب پاٹل نے 7 مرتبہ لاتور لوک سبھا سیٹ سے چناؤ جیتا تھا۔×

PM Patil Demise

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سابق مرکزی وزیر شیوراج پاٹل کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ اپنی طویل عوامی زندگی کے دوران، جناب پاٹل مختلف اہم عہدوں پر فائز رہے، جن میں لوک سبھا کے اسپیکر، مرکزی وزیر، گورنر اور کافی عرصے تک رکنِ پارلیمنٹ کی ذمہ داری شامل ہیں۔

اِسی دوران، سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے بھی کہا کہ جناب پاٹل ایک تجربے کار لیڈر تھے، جنہوں نے مہاراشٹر اسمبلی میں اسپیکر، رکن پارلیمنٹ اور لوک سبھا میں بھی طویل مدت تک خدمات انجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جناب پاٹل معاشرے کی فلاح و بہبود کے تئیں کافی سرگرم رہے۔×

LS RS Tributes

لوک سبھا نے سابق اسپیکر شیوراج پاٹل کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا، جن کا آج صبح مہاراشٹر کے لاتور میں انتقال ہوگیا۔ جب ایوان کی کارروائی دن میں گیارہ بجے شروع ہوئی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ایوان کو شیوراج

پاٹل کے انتقال سے آگاہ کیا۔ جناب برلا نے کہا کہ شیوراج پاٹل نے لگاتار سات مدت تک مہاراشٹر کے لاتور حلقے سے ایوان کے ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ انھوں نے کہا کہ شیوراج پاٹل نے داخلی امور کی حیثیت سے اور پنجاب اور راجستھان کے گورنر کی حیثیت سے بھی اہم ذمہ داریاں نبھائیں۔

S/B OM Birla

لوک سبھا اسپیکر نے بتایا کہ شیوراج پاٹل کے دور میں پارلیمنٹ کے ممبروں کیلئے ایوارڈ قائم کیا گیا۔ دونوں ایوانوں نے 13 دسمبر 2001 میں پارلیمنٹ پر ہوئے حملے کے شہیدوں کو بھی خراجِ عقیدت پیش کیا۔

دونوں ایوانوں کے ممبروں نے سیکیورٹی کے بہادر عملے کے احترام میں خاموشی بھی اختیار کی۔x

Manipur Prez Nupi Lal Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج امپھال میں 86 ویں Nupi لال ڈے 2025 منانے کے موقع پر منی پور کی بہادر خواتین کو گلہائے عقیدت نذر کرنے میں لوگوں کی قیادت کی۔ انہوں نے اصل جائے تقریب امپھال کے Nupi لال میموریل کامپلیکس میں بہادر خواتین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ منی پور گورنر اجے کمار بھلاّ، سابق وزیر اعلیٰ این بیرن سنگھ، اراکین قانون ساز اسمبلی، سینئر سرکاری عہدیداران اور دیگر نے بھی اِس موقع پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔ اِسی دوران، ریاستی سطح پر 86 واں Nupi لال میموریل ڈے 2025، امپھال میں جی پی وومین کالج میں منایا گیا، جس میں منی پور کے چیف سکریٹری ڈاکٹر پنیت کمار گوئل، ریاست کے سلامتی کے مشیر کُلدیپ سنگھ، سِول اور پولیس کے اعلیٰ عہدیداران اور دیگر نے شرکت کی۔x

Rev. AP-Bus Accident

آج صبح آندھرا پردیش کے Alluri Seetha Ramaraju ضلع میں ہونے والے پرائیویٹ بس کے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ اِس حادثے میں 20 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ حادثے کے وقت اِس بس میں 35 مسافر اور دو ڈرائیور سوار تھے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..........

VC - Henry

معلومات کے مطابق بس ڈرائیور کے کنٹرول سے باہر ہوگئی اور وہ سڑک سے اُتر کر ایک کھائی میں جاگری اور اُلٹ گئی۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب یہ بس Tulasipaka گاؤں کے نزدیک Chinturu-Maredumilli گھاٹ روڈ پر پڑوسی تلنگانہ ریاست کی جانب جارہی تھی۔

مقامی افراد اور پولیس بچاؤ کیلئے جائے حادثہ پر پہنچے اور زخمیوں کو Chinturu ایریا اسپتال میں داخل کردیا گیا۔ شدید طور پر زخمی مسافروں میں سے پانچ افراد کو Bhadrachalam سرکاری اسپتال بھیجا گیا۔

حادثے کا شکار ہونے والوں میں سے بڑی تعداد Chittor اور Tirupati ضلعوں کے رہنے والوں کی تھی، جو یاترا پر جارہے تھے۔

پولیس کے سپرنٹینڈنٹ امت Bardar کے مطابق یہ حادثہ صبح تقریباً ساڑھے چار بجے پیش آیا۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اِس المناک حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں سے تعزیت کی اور حکام سے بچاؤ کی جاری کارروائیوں اور متاثرین کیلئے مدد سے متعلق بات چیت کی۔

گورنر ایس عبدل نذیر نے بس حادثے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور متاثر ہونے والے افراد کے کنبے کے افراد کے ساتھ دلی تعزیت کی ہے۔

آکاشوانی نیوز وجے واڑا سے Henry کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر

Shekhawat Tourism

مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج کہا کہ بھارت Cruise سیاحت، ہوٹل اور ریستوراں کے کاروبار کا مرکز بن رہا ہے اور ہوٹلوں کے بڑے عالمی گروپ ملک میں سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزیر موصوف نے ملک میں سیاحت میں اضافہ ہونے میں وندے بھارت کے رول کو اجاگر کیا۔

SB - Ians India/ Status

وزیر موصوف نے اجاگر کیا کہ پچھلے 11 برسوں میں، بنیادی ڈھانچہ جس طرح شاہراہوں کے بنیادی ڈھانچے، ریلوے اور آبی شاہراہوں میں تبدیل ہوا ہے، اُس سے نہ صرف ملک کی معیشت مستحکم ہوئی ہے، بلکہ سیاحت کے شعبے میں غیر متوقع ترقی بھی ہوئی ہے۔×

MP Naxal Free

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو نے بالا گھاٹ ضلع میں دو ماؤنوازوں کی خودسپردگی کے بعد، ریاست کو Naxalism سے آزاد قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی رہنمائی میں ملک سے سال 2026 تک Naxalism کے خاتمے کے عہد کی وجہ سے یہ ممکن ہوسکا ہے۔ وزیراعلیٰ بالاگھاٹ میں 'بازآبادکاری سے بازیابی تک' مہم کے تحت ماؤنوازوں کی خودسپردگی سے متعلق پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے بھوپال سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ تقریب سے خطاب کیا۔×

## Japan Earthquake

جاپان میں آج صبح Aomori Prefecture کے مشرقی ساحل پر 6 اعشاریہ 7 شدّت کا ایک زلزلہ آیا۔ جاپان کی موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ زلزلہ Cape Erimo سے تقریباً 120 کلو میٹر جنوب-جنوب مغرب میں 20 کلو میٹر کی گہرائی میں آیا۔ اس کے پیشِ نظر ایجنسی نے سونامی کا الرٹ جاری کیا ہے اور کہا ہے کہ سمندر یا ساحل کے نزدیک رہنا خطرناک ہے۔ البتہ اِس نے شمالی جاپان کے Pacific ساحل کیلئے اپنی سونامی کی وارننگ ختم کردی ہے۔

ایجنسی نے مزید کہا کہ اگر کوئی سمندر میں ہے تو وہ فوری طور پر واپس آجائے اور ساحل سے دور ہوجائے۔ یہ زلزلہ، پیر کے روز اِسی خطے میں سات اعشاریہ پانچ شدت کا زلزلہ آنے بعد آیا ہے۔x

## UPSC PWBD

یونین پبلک سروس کمیشن نے معذور افراد کیلئے اپنے امتحانات کو اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لئے ایک اہم قدم اٹھانے کا اعلان کیا ہے۔ کمیشن اب اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہر معذور امیدوار کو درخواست فارم میں اُس کی پسند کا مرکز الاٹ کیا جائے گا، جس کا کہ درخواست فارم میں ذکر بھی کیا گیا ہے۔ نفاذ کے عمل کے حصے کے طور پر UPSC ہر معذور اور غیر معذور امیدواروں کیلئے ہر مرکز کی موجودہ صلاحیت کو پہلے استعمال کرے گا۔ ایک بار جب ایک مرکز مکمل صلاحیت حاصل کرلے گا تو غیر معذور امیدوار کے لئے یہ دستیاب نہیں رہے گا لیکن پھر بھی معذور امیدوار اسے منتخب کرسکیں گے۔

UPSC نے مزید کہا کہ اضافی صلاحیت کے انتظامات بھی کیے جائیں گے تاکہ خود ہی معذور امیدوار اپنی امتحان کی صلاحیتوں سے محروم نہ رہ جائے۔x

☆☆☆☆